اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

کل منسلک کے لحاظ سے اصلاح اعمال کارکردگی مضبوط بنانے سے متعلق مدنی پھول

(ہر سطح کی اصلاح اعمال ذمہ داران کے لئے)

﴿1﴾ ہمارا ہدف (Target) ہے کہ ہر عاشقِ رسول منسلک اسلامی بہن تک نیک اعمال کا رسالہ پہنچایا جائے اور وصول بھی کیا جائے۔

﴿2﴾ اصلاح اعمال ذمہ داران (ذیلی سطح) 8 دینی کاموں کی ذیلی نگران سے کل منسلک اسلامی بہنوں کی لسٹ حاصل کریں۔

﴿3﴾ اصلاح اعمال ذمہ داران (تحصیل/ٹاؤن (اوورسیز میں ڈویژن) تا ملک سطح) ماہانہ مدنی مشورے میں اسے چیک کریں کہ کل منسلک کی لسٹیں مل گئی ہیں یا نہیں؟

﴿4﴾ جن منسلک تک ہم پہنچ چکے ہیں انہیں ہائی لائٹ کر لیا جائے اور جن تک نہیں پہنچ پائے ان میں سے ہر ماہ کم از کم 12 اسلامی بہنوں کو منتخب کر کے ان تک پہنچا جائے یعنی نیک اعمال کا رسالہ سمجھایا جائے۔

﴿5﴾ تمام اصلاح اعمال ذمہ داران ماہانہ مدنی مشوروں میں کل منسلک کے لحاظ سے نیک اعمال کا تقابل اور فولو اپ فرمائیں۔

﴿6﴾ ہر سطح کی نگران مع شعبہ مشاورتیں امیر اہلسنت کی دعاؤں سے حصہ پانے کی نیت سے اپنی انفرادی کوشش سے کم از کم ایک نیک اعمال کا رسالہ جمع کروائے اسے یقینی بنایا جائے۔

﴿7﴾ تمام اصلاح اعمال ذمہ داران (ذیلی سطح) ہر سطح کی نگران مع شعبہ مشاورتوں اور عوام اسلامی بہنوں سے ہر ماہ لازمی نیک اعمال کا رسالہ کارکردگی وصول کرنے کو 100% یقینی بنائیں تعاون نہ ملنے کی صورت میں احسن انداز سے نگران اسلامی بہن سے عرض کی جائے۔

﴿8﴾ تمام عاملاتِ نیک اعمال کا ایک واٹس اپ گروپ بنا لیا جائے تا کہ روزانہ جائزہ کی پوسٹ سینڈ کی جا سکے۔